سوال

(547) رفع الیدین کرنے کی احادیث زیادہ ہیں یا نہ کرنے کی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رفع الیدین یعنی نماز میں کئی دفعہ ہاتھوں کو اٹھانا، جو اہلِ حدیث نماز میں کرتے ہیں۔ فقہ حنفی سے ثابت ہے یا نہیں؟ اور ہاتھ اٹھانے میں احادیث زیادہ ہیں یا نہ اٹھانے میں؟ براہِ کرم ''الاعتصام'' میں شائع کریں۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حنفی فقہاء میں سے بعض رفع الیدین کے عامل تھے۔ ان میں سے عصام بن یوسف بلخی ہے۔ (بحوالہ الفوائد) اثبات رفع یدین کی احادیث تقریباً متواتر درجہ کی ہیں۔ جبکہ اس کے بالمقابل کوئی روایت بھی قابلِ حجت نہیں۔ جملہ تفاصیل کے لیے ملاحظہ ہو! ''مرعاۃ المفاتیح: جلد اوّل۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 477

محدث فتویٰ